## مرحوم مفتی محمد سعید پر تحریر کتاب اور ویب سائٹ جاری

**وزیر اعلیٰ مہمانِ خصوصی تھیں، وزراء، اراکین قانون سازیہ اور دانشوروں کی شرکت**




جموں// سابق وزیر اعلیٰ مفتی محمد سعید کی تقاریر اور اُن کے اعزاز میں بعض نامور قلمکاروں کی طرف سے تحریروں پر مبنی ایک کتاب کی رسمِ رونمائی وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے ۱۳؍جنوری کو انجام دی۔ کتاب کو رُکنِ قانون ساز کونسل فردوس احمد ٹاک نے ترتیب دیا ہے اور اس میں سابق وزیر اعلیٰ کی بعض تقریریں بشمول ۲۰۰۶ء میں اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب، ۲۰۰۲ء میں وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالنے کے بعد ریاستی اسمبلی میں اپنے پہلے خطاب اور ۲۰۰۵ء اور ۲۰۱۵ء میں پارٹی کے یوم تاسیس پر خطاب بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ کتاب میں معروف قلمکاروں بشمول مدھو کیشو، پریم شنکر جھا، برکھا دت، اشوک بھان، افتخار گیلانی، سجاد غنی لون، ڈیوڈ دیوداس، سنجے نہار، پروفیسر پیسی موہن، نیرجا چودھری، غلام نبی خیال، پروفیسر ریکھا چودھری، سید شجاعت بخاری، ظفر چودھری، پیرزادہ عاشق اور دیگر قلمکاروں کے مرحوم لیڈر کی حیات اور خدمات پر مضامین درج ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے اس موقع پر ایک ویب سائٹ www.muftisaeed.com بھی جاری کی۔ ویب سائٹ میں مرحوم وزیر اعلیٰ کی تقاریر، انٹرویوز کے علاوہ ویڈیوز اور تصاویر موجود ہیں۔ تقریب میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ مرحوم مفتی محمد سعید ہمیشہ عوام دوست رہے۔ وہ قوم کی فلاح و بہبود کے بارے میں سوچتے تھے۔ مرحوم لیڈر ہمیشہ عوام کو اپنے خاندان کا حصہ تصور کرتے تھے۔ تقریب میں مفتی صاحب کے دو قریبی ساتھیوں، سابق وزیر اعلیٰ ممبر پارلیمنٹ مظفر حسین بیگ اور سرکردہ صحافی محمد سعید ملک نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ تقریب میں کئی وزراء، اراکینِ قانون سازیہ، تعلیمی ماہرین، عدلیہ سے وابستہ وکلاء اور جج صاحبان، قلمکار، دانشور اور تجارتی برادری کے سرکردہ اراکین موجود تھے۔

## ریاسی میں سالانہ ڈسٹرکٹ ڈرامہ فیسٹول

**ریاست کے دور دراز علاقوں میں ثقافتی سرگرمیوں کے دائرہ کو وسعت دی گئی**



ریاسی// جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کے زیر اہتمام ۳؍اپریل کو این ایچ پی سی آڈیٹوریم جوتی پورم میں سالانہ ڈرامہ فیسٹول کا افتتاح کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریاسی بابو رام تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے جبکہ کلچرل اکیڈیمی کے ایڈیشنل سیکریٹری ڈاکٹر اروندر سنگھ امن اور معروف فنکار راکھی ایوانِ صدارت میں موجود تھے۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی بابو رام نے اکیڈیمی کی سرگرمیوں کی سراہنا کرتے ہوئے کہا کہ ریاسی جیسے دور دراز علاقہ میں اس طرح کے پروگرام منعقد کرنا یقیناً حوصلہ افزا اقدام ہیں جس سے تھیٹر سے دلچسپی رکھنے والے نوجوان فنکاروں کا نہ صرف حوصلہ بلند ہوتا ہے بلکہ انہیں تھیٹر کے میدان میں ہو رہی تبدیلیوں کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔ پروگرام کے آغاز میں اکیڈیمی کے ایڈیشنل سیکریٹری ڈاکٹر اروندر سنگھ امن نے مہمانوں کا استقبال کرتے ہوئے کہا کہ اس فیسٹول میں مختلف ڈرامے پیش کئے جائیں گے جن میں رابندر ناتھ ٹیگور کا لکھا گیا قابولی والا قابلِ ذکر ہے جسے راجیش گپتا نے لیا اور سنگم تھیٹر گروپ نے تیار کیا ہے۔ افتتاحی تقریب کے موقع پر سنگم تھیٹر گروپ کی طرف سے کابولی والا ڈراما پیش کیا گیا۔ اس ڈرامے کے ہدایت کار محمد اکرم خان تھے۔ جن اداکاروں نے ڈرامے میں حصہ لیا ان میں اجے واگوزاری، نتاشا ٹھاکر، برکھا ٹھاکر، سورج نارائن، جوگندر کمار، شیپالی دیوی، کرن کمار، تانو، راشید خان اور بیک اسٹیج پر راجہ امیر خان، اکرم خان، پروین اختر، انام خان، شباب خان، اعجاز خان، محمد رشید، راکیش بھگت، سدھیر شرما، محمد اکرم خان شامل ہیں۔ اکیڈیمی کے سینئر ڈراما انسٹرکٹر ڈاکٹر سدھیر مہاجن نے پروگرام کے اختتام پر ادارے کی طرف سے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ ☆☆☆

## ڈرامہ فیسٹول جموں کے اعزازات کا اعلان

**دس روزہ فیسٹول میں تھیٹر شائقین کی بھاری شرکت**

جموں// جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کی طرف سے ۱۵/۲۸؍دسمبر تک سالانہ ڈرامہ فیسٹول کا انعقاد کیا گیا جس کا افتتاح وزیر خزانہ ڈاکٹر حسیب درابو نے کیا۔ فیسٹول کے افتتاح پر اکیڈیمی کی طرف سے خطبۂ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے اکیڈیمی کے سیکریٹری ڈاکٹر عزیز حاجنی نے کہا کہ ڈرامہ کے فن کو فروغ دینے کے لئے اکیڈیمی جو کوششیں کرتی ہے یہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اور اس وجہ سے اہم ہے کہ اکیڈیمی نے ڈرمہ فیسٹول کے لئے ادا کی جانے والی رقم میں سو فی صد کا یکمشت اضافہ کیا ہے تاکہ اس فن سے وابستہ افراد کی حوصلہ افزائی ہو سکے۔ وزیر خزانہ ڈاکٹر حسیب درابو نے اکیڈیمی کو فیسٹول کے انعقاد پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے اُمید ظاہر کی کہ اکیڈیمی تھیٹر کے فن کے فروغ کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔ فیسٹول کے اختتام پر انعامات کا اعلان کر دیا گیا جس کے مطابق سموہ تھیٹر کی پیشکش ہیملٹ کو پہلا انعام دیا گیا۔ دوسرے انعام کا حقدار کرائے دار کو دیا گیا جو چندر بھاگا سنسکرتی منچ کی پیشکش تھی بہترین سیٹ کا انعام جگ پال کو دیا گیا۔ بہترین لائٹنگ کا انعام سورج گنجو کو دیا گیا۔ بہترین ہدایت کار کا انعام رویندر شرما کو دیا گیا۔ بہترین اداکار کا انعام سندیپ ٹھاکر کو دیا گیا۔ بہترین میک اپ کا انعام شالنی اور سیما کو دیا گیا۔ بہترین کاسٹیوم کا انعام رویندر شرما اور بہترین اداکار کا انعام ہرا تپسوی کو دیا گیا۔

## اکیڈیمی کے سیمنار ہال میں نعتیہ محفل کا انعقاد

**گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ پروفیسر رحمٰن راہی نے صدارت کی**

سرینگر// رمضان المبارک کے متبرک مہینے میں جموں اینڈ کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ، کلچر اینڈ لینگویجز کے زیر اہتمام حمدیہ، نعتیہ، قوالی، مسابقۂ حُسن قرأت، مسابقۂ حُسنِ نعت، نزول قرآن کانفرنس، نادر قرآنی مخطوطات کی نمائش کے علاوہ دیگر کئی پروگراموں کا انعقاد رمضان سپیشل سیریز کے تحت کیا گیا۔ سیریز کی ابتدا اکیڈیمی کے سیمنار ہال میں کشمیری نعتیہ مشاعرے سے ہوئی۔ ۳۱؍مئی کو منعقدہ اس مشاعرے میں وادی کے معروف نعت خواں شعراء نے شرکت کی جن میں مظفر حسین دلبر، ساغر نذیر، میر شبیر، نورالدین ہوش، بشیر کانپوری، ضمیر انصاری، بشیر چراغ، محمد یوسف مشہور، شوکت انصاری، بشیر الحق، شہناز رشید، سعدالدین سعدی، (باقی صفحہ ۲۰ پر)